WWW.AIOURDUBOOKS.NET



دنوں تک پڑھے جب تک مدعا حاصل نہ ہو اللہ کے فضل سے اگر نیت سچی ہوگی تو زیارت ضرور ہوگی اور زیارت نہ ہونے کی وجہ بھی وہ فرد بن سکتا ہے جس کو پاکی یا پلیدی کی شناخت نہ ہو۔ اس لئے اس عمل کو خاص طور پر پاکی کے ساتھ کریں ورنہ گناہ گار ہونے کے ساتھ نقصان بھی ہوسکتا ہے۔

## استخارہ کے لئے

اگر کسی بھی بات کے متعلق استخارہ کے ذریعے معلوم کرنا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ لے اور اس پر گاہے بگاہے سورۃ الناس کو اس مقصد کی خاطر روزانہ 110 کی مقدار میں پڑھ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیا کرے اس عمل کو کم از کم 21 دنوں تک کرے اور بوقت ضرورت کسی بھی بات کے متعلق پتہ لگانے کے لئے باوضو حالت میں اس نقش کو قرآن مجید میں رکھ کر اپنی آنکھوں کو بند کر کے اس بات کے متعلق پورا تصور باندھے تو کچھ ہی دیر بعد کسی طریقے سے اس بات کے متعلق صحیح طور پر آگاہ کیا جائے گا۔ پھر اس بات پر عمل کرے اللہ کے حکم سے اس بات کے متعلق ذرا بھی شک نہیں ہوگا اور عمل کرنے پر صحیح پائے گا۔ انشاء اللہ۔

اس کے علاوہ اس نقش کو کسی بھی مقصد کی خاطر لکھ کر جائز مقصد کی تکمیل کی خاطر لکھ کر عمل میں لائیں اللہ ضرور کامیابی دے گا لیکن اس نقش کو ناجائز کبھی بھی استعمال میں نہ لائیں ورنہ اپنے فائدے و نقصان کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

## تسخیر جنات کے لئے

جنات سے دوستی کے خواہش مند کو چاہئے کہ پہلے تو اپنے میں ایسی باتیں پیدا



کرے کہ جو ایک نیک انسان میں ہونی چاہئیں یعنی نماز پنجگانہ کا پابند ہو، شریعت مطہرہ پر عمل کرتا ہو اور کوئی بھی کام خلاف شرع نہ کرتا ہو۔ اس لئے کہ جن جب کسی کے تابع ہوتے ہیں تو پھر ان کی آزادی میں فرق آ جاتا ہے اور کوئی بھی جاندار یہ نہیں چاہتا کہ اسے قید میں رکھا جائے یا اس کی آزادی میں دخل اندازی کی جائے۔ جنات اپنے آپ کو طاقتور اور قوت والا سمجھتے ہیں اور اس بات کو اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں کہ کوئی ان کو تسخیر کرے اور وہ کسی انسان کے مسخر ہو کر رہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی عامل اپنے عمل کے ذریعے کسی جن کو اپنے قابو میں لانا چاہتا ہے تو ان کو پتہ چل جاتا ہے کہ فلاں فلاں انسان ہمیں مسخر کرنا چاہتا ہے اور اپنے قابو میں کرنے کے لئے عمل کر رہا ہے۔ ان میں یہ آوازہ ہوتا ہے کہ فلاں شخص ہمیں قابو میں لانے کے لئے عمل کر رہا ہے۔ تم اس کے عمل سے خلاف نہیں کر سکو گے۔

اگر عامل اللہ تعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مطیع و فرمانبردار ہوگا تو جن اس کے ہر کام میں اس کی مدد کرے گا۔ اگر عامل شریعت کے خلاف کام کرے گا تو جن کو جب بھی موقع ملے گا اس سے فوری طور پر علیحدگی اختیار کرے گا اور ہوسکتا ہے کہ وہ کوئی نقصان بھی پہنچائے۔ مسلمان جنات کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ تلاوت قرآن کریم سن کر بہت خوش ہوتے ہیں اور جو کوئی خوش الحانی سے قرات کرے وہ بڑی توجہ اور یکسوئی سے سنتے ہیں اور خوشی محسوس کرتے ہیں۔ خاص طور پر اگر کوئی خوش کن لہجے میں سورۃ الناس (114) یا سورجن (72) پڑھے اور ذرا بلند آواز سے پڑھے تو جنات سن کر بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ اس لئے عامل کو چاہئے کہ وہ خوش الحان بننے کی کوشش کرے اور تنہائی میں بیٹھ کر قرآن پاک کی تلاوت کیا کرے۔ جب کوئی خلوت میں بیٹھ کر خوش الحانی سے تلاوت کرتا ہے تو جنات بڑے ادب سے

WWW.AIOURDUBOOKS.NET



حاضر ہو کر سنتے ہیں۔ اگر کوئی خوش الحانی سے قرات نہیں کرتا تو وہ رنجیدہ ہو کر واپس چلے جاتے ہیں۔ جنات کو مسخر کرنے کی غرض سے چاند کے مہینے کے آغاز میں جب پہلا بدھ کا دن آئے یعنی منگل کا دن گزر جائے اور بدھ کی رات شروع ہو تو بدھ، جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے دن تک چار روزے رکھے، غسل کرکے پاک صاف رہا کرے۔ پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھے اور ہر ممکن کوشش کرے کہ کبھی بھی پلید نہ ہو جب کبھی ایسا محسوس ہو تو فوراً غسل کر لے۔ اس بارے میں ذرا بھی سستی نہ کرے۔ اگر کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔ جنات نقصان پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ وہ صرف نیک اور پاک صاف رہنے والوں سے ڈرتے ہیں۔ غسل کے بعد پاکیزہ اور صاف ستھرے کپڑے پہنے اور عطر کی خوشبو لگائے جس جگہ پر بیٹھ کر عمل کرنا ہے وہاں پر اگربتی یا لوبان سلگا کر اس جگہ کی فضا کو خوب اچھی طرح خوشبودار کرے۔ یہ اہتمام کرنے کے بعد کالی سیاہی کی دوات اور ایک قلم اور تھوڑے سے سفید کاغذ، ایک ٹکڑا موم خالص اور ایک ہزار دانوں پر مشتمل تسبیح اور ڈورا لا کر اپنے پاس رکھے اور پھر ایک ایسا وقت مقرر کرے۔ وقت وہ مقرر کیا جائے جس میں خوب دل جمعی سے عمل کیا جانا اچھے لگے۔ سب سے بہتر وقت یہ ہے کہ عشا کی نماز پڑھ کر سو رہے اور پچھلی رات کو سو کر اٹھے اور پھر غسل کرے اور پھر پڑھے۔ اس طرح سو کر اٹھنے سے نیند نہیں آتی اور نہ ہی اونگھ آتی ہے کیونکہ کافی حد تک نیند پوری ہو چکی ہوتی ہے۔ اس وقت جو کچھ بھی پڑھا جائے بڑے ذوق وشوق سے پڑھا جاتا ہے۔ اس وقت کسی دنیاوی کام کاج کی فکر بھی نہیں ہوتی۔ یا پھر فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پڑھنا بہتر ہے۔ اگر رات کو پڑھے تو مٹی کے تیل کی روشنی نہ کرے موم بتی یا گھی کا چراغ جلائے۔ اگر بجلی ہے تو بہتر ہے۔ زیرو کا بلب جلا کر پڑھا جا سکتا ہے۔ پچھلی



رات میں اٹھ کر پڑھے تو غسل کرنے کے بعد اول تہجد کی نماز ادا کرے۔ نماز تہجد پڑھنے کے بعد عمل کا آغاز اس طرح سے کرے کہ پہلے اعوذ باللہ، پھر بسم اللہ پڑھے اور پھر ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص 112 پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورۃ ناس 114 پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ دخان پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ سجدہ 32 اور ایک مرتبہ سورۃ ملک 67 پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں سجدہ کرے اور دعا مانگے کہ یا اللہ میری دلی خواہش اور یہ حاجت پوری فرما دے۔ دعا مانگنے کے بعد فارغ ہو جائے اور اپنے کام کاج میں مصروف ہو جائے۔ چار دن تک ایسا ہی کرے اور چوتھے دن جب یہ ہفتہ کا دن ہوگا اس دن نماز عصر سے پہلے سفید کاغذ کے سات برابر ٹکڑے کرے اور باوضو حالت میں ایک کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

وَهُوَ الَّذِىْ يُحْيِ وَ يُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ (سورۃ مومنون 23، آیت 75)

دوسرے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

وَ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنَ (سورۃ بقرہ 2، آیت 117)

کاغذ کے تیسرے پرچہ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَا لسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (سورۃ بقرہ 2، آیت 137)

چوتھے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

ثُمَّ اِذَا دَعَا كُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ (سورۃ روم 30، آیت 25)

